سوال

(695) مقدس اوراق تلف کرنے کا صحیح طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل کوئی گھر بھی ایسے جرائد و مجلات سے خالی نہیں ہے ، جن میں بعض قرآنی آیات یا اللہ کے اسمائے حسنی میں سے کوئی نہ کوئی اسم پاک اور تصویریں ہوتی ہیں تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ انہیں حفاظت سے رکھنے یا تلف کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جرائد و مجلات میں زندہ انسانوں کی تصویریں او راللہ تعالی کے اسمائے حسنی یا آیات قرآنی طبع ہورہی ہیں تو یہ تمام امور بلوی کے قبیل مین سے ہے ۔ انسان کو چاہیے کہ جہاں تک ممکمن ہو آیات یا اللہ کا ذکر پر مشتمل کلمات کو پوری پوری حفاظت کرے اوران جرائد واخبارات کو ضرورت کے بعد جلا دے یا دفن کرے ۔ تصویروں کو متادے ، اخبارات وجرائد کاغذ بنانے والے کارخانوں کے مالکان کو فروخت بھی کیے جاسکتے ہیں تاکہ وہ ری سائیکل کرکے ان کا دوبارہ کاغذ بنالیں ۔ بہر حال کوئی بھی ایسا طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے ، جس سے تصویریں مٹ جائیں اور آیات قرآنی کی حفاظت ہوسکے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص528

محدث فتویٰ